والدین کو خط نمبر 2

محترمی والدین

میں آپ کے بچے کا تعلیمی رہنما ہوں۔ میں آپ کو یہ خط اس لیےلکھ رہا ہوں کہ اب بھی ہماری معلومات کے مطابق یہ ظاہرنہیں ہوتا کہ ایک مدت سے آپ کے بچے کی سرگرمی کا کوئی اندراج موجود ہے - *اپنے ای باکس میں ڈینش خط میں تاریخ دیکھیں۔*

اس لئے اب بھی مجھے نہیں معلوم کہ آپ کا بچہ تعلیم، نوکری یا کسی دیگر سرگرمی میں مصروف ہے۔

میں بطوربچے کا رہنما آپ سےالتماس کرتا ہوں کہ اپنےبچے کے متعلق معلومات فراہم کریں کہ وہ کیا کر رہا ہے۔

مجھ سے رابطہ کرنے کے مختلف طریقے ہیں:

- آپ مجھے اس فون نمبر پررابطہ کر سکتے ہیں جو آپ کے ای باکس میں ڈینش خط میں لکھا ہے۔
- آپ نیچے دیے گئے لنک پر کلک کرکے فارم بھر سکتے ہیں ung.unoung.dk/uu/101206/svar
- آپ ہماری ویب سائٹ: www.uu.kk.dk کے ذریعے ڈیجیٹل میل بھیج سکتے ہیں۔ "محفوظ طریقے سے بھیجیں" ("Send sikker post") کے لنک پر کلک کریں۔

اگرآپ کا بچہ کچھ نہ کر رہا ہو، تو ہم ایک ملاقات طے کرسکتے ہیں اوراس بارے میں بات کرسکتے ہیں کہ تعلیم، ملازمت یا کوئی دیگرسرگرمی شروع کرنے کی کیا ممکنات دستیاب ہیں۔

میری التماس ہے کہ آپ کے ای باکس میں ڈینش خط میں لکھی ہوئی آخری تاریخ سے پہلےآپ جلد سے جلد مجھ سے رابطہ کریں۔

15 سے 17 سال کی عمر کے تمام نوجوانوں کو یا تو تعلیم حاصل کرنی چاہیے یا نوکری کرنی چاہیے۔

اگرکوئی نوجوان تعلیم یا ملازمت شروع نہیں کرتا ہے توکمیون نوجوانوں کی ادائیگی (ungeydelsen) روکنے کا فیصلہ کر سکتی ہے۔

خصوصی معاملات میں ایک نوجوان کو تعلیم یا ملازمت میں شامل ہونے کی فرض مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے۔

آپ فرائض کے انتظامی حکم نامہ (Pligtbekendtgørelse) میں قواعد کے بارے میں مزید پڑھ سکتے ہیں: www.retsinformation.dk/eli/lta/2019/1014

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو آپ بخوشی مجھ سے رابطہ کریں۔

خیر اندیش

آپ کے بچے کا تعلیمی رہنما (UU رہنما)

UU KØBENHAVN